**26/07/2025**

**12.35 PM(5 min)**

**Signature Tune**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ انوار الحق سے خبریں سُنئے**

**وجے دِوس**

**قوم آج 1999 کے کرگل جنگ کے ہیروز کو خراج عقیدت پیش کر رہی ہے۔ کرگل جنگ کے دوران پاکستان پر بھارت کی فتح یا آپریشن وجے کے آج 26 سال پورے ہو چکے ہیں۔ اس سلسلے میں آج دراس میں کئی پروگرام منعقد ہو رہے ہیں جس دوران شہیدی یادگار پر گل دائرے رکھ کر شہید فوجیوں کو خراج عقیدت پیش کیا جا رہا ہے ۔**

**کرگل سے آکاشوانی کے نمائندے عنایت علی نے خبر دی ہے کہ لداخ میں 26 ویں کرگل وجے دیوس کی تقریبات کے ایک حصے کے طور پر آج صبح مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ اور دفاع کے وزیر مملکت سنجے سیٹھ کی قیادت میں کرگل میں بڑے پیمانے پر پَد یاترا منعقد کی گئی جس میں ایک ہزار سے زیادہ نوجوانوں ، سابق فوجیوں ، مسلح افواج کے اہلکار ، شہداءکے اہل خانہ اور سول سوسائٹی کے ممبران نے حصہ لیا۔**

**مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ آج کی تقریب پر مہمانِ خصوصی ہیں ۔**

**وزیر دفاع**

**وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے نئی دلی میں قومی جنگی یادگار پر گل دائرے چڑھائے۔دفاع کے سیکریٹری راجیش کمار سنگھ، چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انیل چوہان، چیف آف آرمی اسٹاف جنرل اپیندر دویدی، چیف آف نیول اسٹاف ایڈمیرل دنیش کے ترپاٹھی اور ایئر اسٹاف کے چیف مارشل اے پی سنگھ نے بھی شہید فوجیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔**

**خراج**

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کر گل وجے دِوس کے موقعے پر شہید ہوئے فوجی جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے پیغام میں لیفٹنٹ گورنر نے کر گل جنگ کے دوران مسلح افواج کی ہمت، بہادری اور شجاعت کے جذبے کو سلام پیش کیا ہے ۔

فوج کی چنار کور نے بھی کرگل جنگ کے شہید فوجیوں کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔

وزیر داخلہ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے ملک کی قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ دہشت گردی اور اسمگلنگ کی سرگرمیوں میں ملوث مفرور افراد کو واپس لانے کے لئے ٹھوس اقدامات کریں۔ نئی دہلی میں کل دو روزہ قومی سلامتی حکمت عملی کانفرنس 2025کا افتتاح کرنے کے بعد وزیر موصوف نے سبھی متعلقہ ایجنسیوں کے درمیان باہمی تال میل کو بڑھانے پر زور دیاکانفرنس کے دوسرے روز آج شہری ہوا بازی اور بندر گاہوں کی سکیورٹی ، انسداد دہشت گردی، بائیں بازو کی انتہا پسندی اور منشیات کی اسمگلنگ کی روکتھام کے اقدامات پر توجہ مرکوز کی جارہی ہے۔

یاترا

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا احسن طور جاری ہے ۔آج صبح گیارہ بجے تک مزید 3 ہزار 583 یاتریوں نے پوتر گھپا میں حاضری دی ۔ اس طرح تین جولائی کو یاترا شروع ہونے سے اب تک 3 لاکھ 63 ہزار سے زیادہ یاتریوں نے امر ناتھ گپھا مینشیو لنگم کے درشن کئے ہیں ۔

اُدھرجموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج صبح 2ہزار324 یاتریوں کا ایک اور قافلہ وادی پہنچے ہیں۔

تحقیقات

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ جموں نے سُرے چک، پھالیاں منڈل علاقے میں 24 جولائی کو پیش آئے واقعے کی مجسٹرئیل تحقیقات کے احکامات جاری کئے ہیں ۔ اس سلسلے میں سب ڈویژنل مجسٹریٹ جموں ساوتھ کو تحقیقاتی افسر مقرر کیا گیا ہے ۔ انہیں دو ہفتوں کے اندر تحقیقاتی عمل مکمل کر کے اپنی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی گئی ہے ۔

**ڈپٹی کمشنر سرینگر**

**ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے ڈی سی آفس کمپلیکس میں منعقدہ ایک پروگرام کے دوران مشن یووا اقدام کے تحت 201 مستحقین میں سینکشن لیٹرس تقسیم کئے ۔ دریں اثناءڈی سی موصوف نے ضلعی سطح کی اسکریننگ کم کوآرڈینیشن کمیٹی کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے متعلقہ افسران پر زور دیا کہ وہ مقدمات کی بروقت کلیئرنس یقینی بنائیں ۔**

**ڈپٹی کمشنر بڈگام**

**ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین کی صدارت مینجے اینڈ کے بینک کی طرف سے بڈگام میں مشن یووا کے تحت ROZ-E-YUVA منعقد کیا گیا ۔جس دوران ڈی سی موصوف نے مشن یووا کے درخواست دہندگان میں سینکشن لیٹرس تقسیم کئے ۔ ڈی سی موصوف نے آب و ہوا کے قومی پروگرام کے تحت ضلع سطح کی ملٹی سیکٹورل ٹاسک فورس کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے متعلقین کو پانچ سالہ ویژن پلان تیار کرنے کے لئے کہا تاکہ ضلع کی مربوط ترقی کو یقینی بنایا جا سکے۔**

**SDA**

**پروجیکٹ کے فیز دوم کے آغاز کا Heights سرینگر ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے بمنہ میں شہجار اعلان کیا ہے جس میں 112 مزید رہائشی اپارٹمنٹس دو سال کے اندر اندر تعمیر کئے جائیں گے۔واضح رہے کہ 140 اپارٹمنٹس کی تعمیر کے ساتھ مکمل ہونے والے منصوبے کا فیز اول ، مکمل طور پر فروخت ہوا ہے۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت**

**خدا حافظ**